پریس ریلیز

کلیکٹر کسٹمز سمبڑیال، سیالکوٹ سید علی عباس گردیزی کا وفد کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، تاجربرادری کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال

گوجرانوالہ: کلیکٹر آف کسٹمز سیالکوٹ/سمبڑیال سید علی عباس گردیزی نے ایڈیشنل کلیکٹر ثوبیہ کرن اور اسسٹنٹ کلیکٹر سردار حمزہ بشارت کے ہمراہ گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدور میاں عمر سلیم، رانا محمد صدیق خاں، سینئر رہنما وقاص افضل مغل، مہر اکرام رضا آرائیں، ایگزیکٹو ممبران اور چیمبر کے دیگر اراکین نے معزز مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔

ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کلیکٹر کسٹمز سید علی عباس گردیزی نے کہا کہ گوجرانوالہ میں 350 سے زائد مصنوعات کی مقامی سطح پر تیاری ملک کی معاشی ترقی کے لیے انتہائی حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ کسٹمز ڈیپارٹمنٹ تاجروں کی سہولت اور معاونت کے لیے "اوپن ڈور پالیسی" پر مکمل عمل پیرا ہے اور جن صنعتی یونٹس کے کیسز اور دستاویزات مکمل ہیں، ان کے امور فوری طور پر کلیئر کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گوجرانوالہ کے تاجروں کی سہولت اور "کاسٹ آف ڈوئنگ بزنس" میں کمی لانے کے لیے سمبڑیال کسٹمز سے ریلوے گڈز ٹرین سروس کے جلد از جلد آغاز کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی۔ انہوں نے تاجر برادری سے اپیل کی کہ اسٹاک ٹیکنگ، ای ایف ایس (EFS) ریکارڈ کی منتقلی اور ریکوری کے جائز امور میں کسٹمز عملے کے ساتھ تعاون کیا جائے تاکہ فیلڈ چیکنگ کے دوران کسی بھی غیر ضروری تاخیر سے بچا جا سکے۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے کسٹمز حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے برآمدکنندگان (Exporters) اور تاجروں کے تحفظات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ گوجرانوالہ کی میٹل انڈسٹری نے گزشتہ برس ایک ارب ڈالر کا بیش بہا زرمبادلہ حاصل کیا، جس کے رواں مالی سال کے دوران مزید بڑھنے کا روشن امکان ہے۔ انہوں نے پُرزور مطالبہ کیا کہ ایکسپورٹ فیسیلیٹیشن اسکیم (EFS) کو کاروبار میں آسانی (Ease of Doing Business) کے اصولوں کے مطابق مزید آسان بنایا جائے اور بینک گارنٹیوں کے عمل میں صنعتکاروں کو مناسب ریلیف دیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ کسٹمز ڈیمانڈز اور اسٹاک چیکنگ کے موقع پر تاجروں کو فوری نوٹس جاری کرنے کے بجائے اپنا مؤقف پیش کرنے کے لیے معقول وقت دیا جائے۔

ملاقات کے اختتام پر اس اہم تجویز پر اتفاق کیا گیا کہ تاجر برادری اور کسٹمز حکام کے درمیان روزمرہ کے انتظامی و تجارتی مسائل کے فوری حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر کام کرنے والی ایک "مشترکہ کمیٹی" تشکیل دی جائے، جس پر کلیکٹر کسٹمز نے بھی مکمل اتفاق رائے کا اظہار کیا۔

PRESS RELEASE

Collector Customs Sambrial & Sialkot Syed Ali Abbas Gardezi Visits Gujranwala Chamber with Delegation; Detailed Consultations Held on Business Community Concerns

GUJRANWALA: Collector of Customs Sialkot/Sambrial Syed Ali Abbas Gardezi, accompanied by Additional Collector Sobia Kiran and Assistant Collector Sardar Hamza Basharat, paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI). The visiting delegation was warmly welcomed by GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former Presidents Mian Umar Saleem, Rana Muhammad Siddique Khan, senior leader Waqas Afzal Mughal, Mehr Ikram Raza Arain, executive members, and Chamber representatives.

Addressing the gathering, Collector Customs Syed Ali Abbas Gardezi remarked that the local manufacturing of over 350 diverse products in Gujranwala is highly encouraging for the national economy. He assured that the Customs Department is strictly pursuing an "open door policy" to facilitate traders, adding that industrial units with complete cases and documentation will have their matters cleared immediately. He further stated that concerted efforts will be made to expedite the launch of a railway goods train service from Sambrial Dry Port to enhance convenience for Gujranwala’s traders and effectively reduce their cost of doing business. He urged the business fraternity to cooperate with customs personnel regarding stock-taking, EFS record transfers, and legitimate recoveries to prevent unnecessary delays during field inspections.

Expressing appreciation to the customs authorities, GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge apprised them of the exporters' and traders' core concerns. He highlighted that Gujranwala's metal industry generated one billion dollars in foreign exchange last year, with projections indicating further growth during the current fiscal year. He strongly demanded that the Export Facilitation Scheme (EFS) be further streamlined in accordance with Ease of Doing Business principles, and relief be provided in bank guarantee procedures. He emphasized that during customs demands and stock audits, traders should be granted adequate time to present their viewpoint rather than facing abrupt notices.

The session concluded with a unanimous agreement to establish a daily-functioning "Joint Committee" comprising representatives from the business community and customs authorities to promptly address and resolve day-to-day administrative and commercial issues, a proposal fully endorsed by Collector Customs.